© rasailojaraid.com

# مسافرینِ آخرت

## انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کے ماموں زاد جواں سال سید محمد طیب بخاری ۲۰ جون ۱۹۹۳ء کو گجرات میں نامعلوم شقی القلب قاتلوں کے ہاتھوں قتل ہوگئے۔ وہ محکمۂ تعلیم میں ملازم تھے۔ دفتر سے گھر جا رہے تھے کہ بازار میں انہیں گولی کا نشانہ بنا دیا گیا۔ اور وہ چند گھنٹوں بعد زخموں کی تاب نہ لا کر ہسپتال میں انتقال کر گئے۔

حضرت امیرِ شریعت رحمہ اللہ کے رفیق خاص مولانا محمد یٰسین مدظلہ (نائب مہتمم جامعہ قاسم العلوم ملتان) کے والد ماجد حاجی عبدالرحمٰن صاحب ۱۷ جون کو تقریباً ایک سو چھے برس کی عمر میں ملتان میں انتقال کر گئے۔

حضرت امیر شریعت کے انتہائی مخلص کارکن امیر بخش مرحوم کے فرزند اور قاری کریم نواز صاحب (مقیم مدینہ منورہ) کے بھائی حافظ رحیم بخش صاحب ملتان میں وفات پا گئے وہ انتہائی صالح اور پابندہ صوم و صلوٰۃ تھے۔

ڈسٹرکٹ جیل ملتان کے خطیب اور ہمارے محترم رفیق جناب قاری عبداللطیف صاحب (مقیم مدینہ منورہ) کے چچازاد قاری محمد امین صاحب عید کے روز ملتان میں رحلت فرما گئے۔

ہمارے رفیق فکر اور نوجوان محقق محمد عمر فاروق صاحب کے خالہ زاد جناب مظہر الحق صاحب تلہ گنگ میں انتقال کر گئے۔ وہ اپنے خاندان کے واحد کفیل تھے۔ ان کی تین کم سن بچیاں اور ایک بیٹا اپنے شفیق والد سے ہمیشہ کے لئے محروم ہوگئے ہیں۔ مرحوم ادارہ کے بہت ہی مخلص معاون تھے اور دین کا درد رکھنے والے ایک صالح نوجوان تھے۔

بستی مولویاں (رحیم یار خان) میں ہمارے کرم فرما مولوی نعیم اللہ صاحب کے جواں سال بھانجے کا ۱۸ جون کو انتقال ہوگیا۔

لاہور میں خاندانِ امیر شریعت کے قدیم کرم فرما اور ادارہ نقیب کے معاون خاص محترم میاں محمد اسلم جان مجددی مدظلہ کی ہمشیرہ، ان کے برادرِ نسبتی مولانا قاری عبدالرشید اور قاری صاحب کی ہمشیرہ انتقال کر گئے۔ محترم میاں صاحب کو یکے بعد دیگرے تین صدموں سے دوچار ہونا پڑا۔ واضح رہے کہ قاری عبدالرشید مرحوم، قاری عبدالمجید مرحوم کے بھائی حضرت مولانا نور محمد لدھیانوی (مرتب نورانی قاعدہ) کے پوتے تھے۔

مجلس احرار اسلام کے مبلغ مولانا محمد مغیرہ کے استاذ زادہ حافظ خالد محمود صاحب (گھلی ضلع وہاڑی) رحلت فرما گئے۔ وہ ایک صالح انسان تھے۔ ان کے وجود سے علاقہ بھر کے مسلمانوں کو بہت دینی فائدہ پہنچا۔ اور قرآنِ کریم کی تعلیم عام ہوئی۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لئے دعاؤں اور ایصالِ ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کے حال پر رحم فرمائے اور اپنی رضا نصیب فرمائے۔ اراکین ادار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پسماندگان کے غم میں شریک ہیں اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کے ساتھ حسنِ آخرت کا معاملہ فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین)

ادارہ

## دعاء صحت

جلال پور پیروالہ میں نقیب ختمِ نبوت کے معاون اور ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم عبدالرحمٰن جامی کی والدہ ماجدہ، دادی صاحبہ اور ان کی اہلیہ علیل ہیں۔ خود جامی صاحب بھی کئی عوارض میں مبتلا ہیں۔

ظاہر پیر میں مجلسِ احرارِ اسلام کے دیرینہ معاون محترم حافظ ارشاد احمد دیوبندی صاحب کی بیٹی شدید علیل ہیں۔

ہمارے معاون اور مخلص و ہمدرد حاجی محی الدین صاحب (ساکن نکہ کہوٹ تلہ گنگ) دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ تمام مریضوں کی شفایابی کے لئے دعاء فرمائیں۔

ادارہ


طلباء و علماء اور عامۃ الناس کے لئے یکساں افادیت کی حامل دینی و تحقیقی کتب

مقامِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ (مقالہ خصوصی) ________ 3 روپے

امیر المؤمنین سیدنا ابو بکر صدیقؓ (مقالہ خصوصی) ________ 4 روپے

امیر المؤمنین سیدنا عمرؓ (مقالہ خصوصی) ________ 3 روپے

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان


© rasailojaraid.com